**06.10.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ
Music

.................................................................................

☆ مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد مُعیظو پانچ دن کے سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ امید ہے کہ کل وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ ان کی ملاقات کے بعد کچھ معاہدوں پر دستخط کئے جائیں گے۔

☆ غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے ستمبر کے مہینے میں بھارت کی شیئر مارکیٹس میں 57 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کا سرمایہ لگایا ہے جو پچھلے 9 ماہ کی مدت میں اب تک کی سب سے بڑی رقم ہے۔

☆ بھوپال سے، 1800 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کی نشیلی اشیاء برآمد کی گئی ہیں۔ اِس سلسلے میں دو افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔

☆ اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان لڑائی میں اضافے کے سبب اسرائیل-لبنان سرحد پر کشیدگی بڑھ گئی ہے۔ غزہ اور مغربی ایشیا میں تشدد کے خاتمے کیلئے، عالمی سطح پر فلسطین حامی مظاہرے کئے گئے۔

☆ اور کرکٹ میں، دبئی میں بھارتی خواتین نے، ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں پاکستان کو چھ وکٹ سے شکست دے دی۔

.................................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

### *Maldives President*

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج شام مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد Muizzu سے ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ بھارت- مالدیپ تعلقات کو بڑھانے کے، صدر Muizzu کے عزم کی ستائش کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں یقین ہے کہ کل وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ صدر Muizzu کی بات چیت سے، بھارت اور مالدیپ کے درمیان دوستانہ تعلقات کو نئی جہت حاصل ہوگی۔

اِس سے پہلے ڈاکٹر محمد Muizzu، پانچ روزہ سرکاری دورے پر نئی دلّی پہنچے تھے۔ امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وردھن سنگھ نے ہوائی اڈے پر ڈاکٹر Muizzu کا خیر مقدم کیا۔ صدر Muizzu کو کل صبح راشٹرپتی بھون میں باضابطہ استقبالیہ دیا جائے گا۔

وہ وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ باہمی دلچسپی کے دو طرفہ، علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بات چیت کریں گے۔ میٹنگ کے بعد کئی سمجھوتوں پر دستخط کیے جانے کی امید ہے۔ مالدیپ کے صدر، شام کو صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران، ڈاکٹر Muizzu، آگرہ، بنگلورو، اور ممبئی بھی جائیں گے۔
پیش ہے ایک رپورٹ.................

VC- Suparna Saikia

مالدیپ، بحرہند خطہ میں بھارت کا ایک اہم سمندری پڑوسی ہے اور اُسے وزیراعظم کے SAGAR نظریہ اور بھارت کے پڑوس پہلے کی پالیسی میں اہم مقام حاصل ہے۔ بھارت کے وزیر خارجہ کے مالدیپ کے حالیہ دورے کے بعد مالدیپ کے صدر کا بھارت کا یہ دورہ اِس بات کا اظہار کرتا ہے کہ بھارت مالدیپ کے ساتھ اپنے رشتہ کو کتنی اہمیت دیتا ہے۔ اس دورے سے دونوں ممالک کے مابین تعاون اور دونوں ممالک کے عوام سے عوام کے تعلقات کو فروغ حاصل ہوگا۔

Suparna Saikia کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

## FPIs

غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے بھارت کی شیئر مارکیٹس میں، ستمبر کے مہینے تک 57 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے شیئر مارکیٹ میں 57 ہزار 724 کروڑ روپئے لگائے۔ اِس طرح پچھلے 9 ماہ کی مدت میں سرمایے کی یہ آمد سب سے زیادہ رہی۔ FPIs نے قرض مارکیٹ میں بھی ایک ہزار 299 کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی۔ اِس طرح بھارتی اثاثہ مارکیٹ میں پچھلے مہینے 59 ہزار 23 کروڑ روپئے کی کُل سرمایہ کاری ہوئی۔ یہ سرمایہ کاری بھارتی مارکیٹ میں لگاتار تین ماہ کی آمد کے بعد اِس رقم تک پہنچی ہے۔اِس سال ابھی تک غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے بھارت کی اثاثہ مارکیٹ میں ایک اعشاریہ آٹھ لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے۔2024 میں ابھی تک FPIs نے شیئر مارکیٹس میں 73 ہزار 468 کروڑ روپئے اور قرض مارکیٹ میں ایک لاکھ 9 ہزار 347 کروڑ روپئے کا سرمایہ لگایا ہے۔x

## IAF AIR Show

بھارتی فضائیہ کے، 92 سال مکمل ہونے کی تقریبات آج چنئی میں ایک بڑے ایئرشو سے شروع ہوئی۔ 21 سال کے بعد Marina کے آسمان پر یہ ایئرشو منعقد ہوا، جسے 15 لاکھ لوگوں نے براہ راست دیکھا۔ جس کا اندراج لمکا بُک آف ریکارڈ میں بھی کیا گیا ہے۔ بہت سے فضائی ٹھکانوں سے 72 طیاروں نے فضائی کرتب دکھائے اور لوگوں کو حیران کردیا۔x

## MP Drugs Seized

منشیات کی روک تھام کے بیورو نے گجرات ATS کے اشتراک سے مدھیہ پردیش کے شہر بھوپال سے ایک

ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کی منشیات برآمد کی ہیں۔ اِس معاملے میں دو افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ منشیات بھوپال کے نزدیک Bagroda گاؤں میں ایک فیکٹری سے برآمد کی گئیں۔ گجرات کے امور داخلہ کے وزیر مملکت ہَرش سَنگھوی نے ایک سوشل میڈیا پیغام میں اس کی تصدیق کی ہے اور منشیات کے بیجا استعمال سے نمٹنے میں گجرات ATS اور منشیات کی روک تھام کے بیورو کی کارروائیوں کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس کامیابی سے منشیات کے ناجائز کاروبار اور بیجا استعمال سے نمٹنے میں قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کی انتھک کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ x

## Counting

جموں و کشمیر اور ہریانہ اسمبلی انتخابات کے لیے منگل کو ہونے والی ووٹوں کی گنتی کے لیے تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ ووٹوں کی گنتی خوش اسلوبی سے کرانے کے لیے ہریانہ اور جموں و کشمیر کے تمام مراکز پر سکیورٹی کے مستحکم انتظامات کیے گئے ہیں۔

ہریانہ میں اسمبلی انتخابات میں تقریباً 67 فیصد پولنگ ہوئی تھی۔ ریاست بھر میں کل، ایک ہی مرحلے میں تمام 90 اسمبلی حلقوں میں ووٹ ڈالے گئے تھے۔ ووٹ ڈالے جانے کا عمل پُر امن طور پر مکمل ہونے کے بعد الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کو مختلف ضلعوں کے Strong rooms میں تین سطحی سیکیورٹی کے تحت رکھا گیا ہے۔

اُدھر جموں و کشمیر میں، تین مرحلوں میں 18 اور 25 ستمبر اور یکم اکتوبر کو، ووٹ ڈالے گئے تھے۔ تینوں مرحلوں میں مجموعی طور پر 63 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد پولنگ ہوئی تھی۔ ووٹوں کی گنتی کا عمل خوش اسلوبی سے کرانے کیلئے ضروری انتظامات اور حفاظتی اقدامات کیے گئے ہیں۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے میں اسمبلی انتخابات اہمیت کے حامل ہیں کیونکہ یہ دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد پہلی بار کرائے گئے ہیں۔ x

## Meghalya Flood

ملک کے زیادہ تر حصوں سے مانسون ختم ہو رہا ہے اور بارش کا سلسلہ تقریباً ختم ہوگیا ہے۔ البتہ میگھالیہ اور شمال مشرقی بھارت میں حالیہ شدید بارش کی وجہ سے Garo Hills میں سیلاب آ گیا ہے اور مٹی کے تودے گرنے اور چٹانے کھسکنے کے سبب 10 افراد کی جانیں ضائع ہوئی ہیں۔

VC- Paritosh Dixit

سڑک اور مواصلاتی نیٹ ورک بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ مغربی Garo Hills میں Dalu علاقہ اور جنوبی Garo Hills میں Gasua Para علاقہ شدید بارش کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہوا ہے۔ جنوبی Garo Hills میں Haria Sia Songma گاؤں میں مٹی کے تودے گرنے کے سبب ایک ہی کنبے کے 7 افراد ہلاک ہوگئے۔ سیلاب آجانے کی وجہ سے معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے اور سڑکوں اور پلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ Conrad Sangma نے سیلاب سے متعلق امدادی کاموں کا جائزہ لیا۔ NDRF اور آفات سے نمٹنے والی ریاستی

ٹیمیں، بچاؤ اور امدادی کارروائیوں میں مصروف ہیں۔ آج تھوڑی راحت ملی ہے کیونکہ بارش رک گئی ہے۔
شیلانگ سے Paritosh Dixit کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

## IMD Weather

بھارت کے محکمۂ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ اگلے تین دن کے دوران گجرات، مدھیہ پردیش اور مہاراشٹر کے باقی حصوں سے جنوب مغربی مانسون ختم ہونے کے کیلئے حالات سازگار ہیں۔ IMD نے اگلے تین دن کے دوران کیرالہ، ماہی، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل اور کرناٹک میں شدید اور بہت شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ کرناٹک، اروناچل پردیش، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تریپورہ میں اگلے دو روز تک شدید بارش کا امکان ہے۔IMD نے انڈمان اور نکوبار جزائر، لکشدیپ، آندھرا پردیش، Yanam اور تلنگانہ میں بھی اِس ہفتے ہلکی سے اوسط بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ x

## *Mumbai Fire*

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شنڈے نے آج ممبئی کے چیمبور علاقے میں، اُس مقام کا دورہ کیا جہاں پر آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا۔ انہوں نے مہلوکین کے کنبوں کو پانچ پانچ لاکھ روپے معاوضہ دینے کا اعلان کیا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت، اِس واقعے میں زخمی ہونے والے دو افراد کو مفت علاج بھی فراہم کرے گی۔ آگ لگنے کے اِس واقعے میں تین کم عمر بچوں سمیت ایک ہی کنبے کے سات افراد ہلاک ہو گئے۔ یہ حادثہ آج اُس وقت پیش آیا جب ایک دو منزلہ عمارت کے گراؤنڈ فلور کی ایک دکان میں شارٹ سرکٹ سے آگ لگ گئی۔ اس حادثے پر افسوس اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انتظامیہ، حادثے کی وجہ کی چھان بین کرے گی اورمستقبل میں اس طرح کے واقعات سے بچنے کیلئے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ x

## *Mumbai SAI*

مہاراشٹر سرکار اور بھارتی کھیل کود سے متعلق اتھارٹی کے درمیان آج ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے، جس کا مقصد ممبئی کے کنڈی وَلی میں مہارت کا ایک قومی مرکز قائم کرنا ہے۔ دستخط کئے جانے کی یہ رسم تجارت وصنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل کی موجودگی میں انجام دی گئی۔

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ مرکزی حکومت کھیل کود کے، بڑے عالمی مقابلوں میں بھارت کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے سخت محنت کر رہی ہے۔ انھوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ 2036 کے اولمپک مقابلے بھارت میں منعقد ہوں گے۔

مہارت کے قومی مرکز کے بارے میں جناب گوئل نے کہا کہ اولمپک 2036 میں بھارت، یقیناً ایک اہم کردار ادا کرے گا۔x

## Mumbai Union Minister

مرکزی وزیر پیوش گوئل نے آج ممبئی کے مغربی نواحی علاقے ملاڑ میں Mith چوکی پر ایک فلائی اوور کا افتتاح کیا۔ یہ فلائی اوور، ماروے کو مغربی ایکسپریس شاہراہ سے ملاتا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اِس فلائی اوور سے نہ صرف شمالی ممبئی سے گزرنے والے لوگوں کیلئے راستہ آسان ہوگا بلکہ اُن کا وقت بھی بچے گا۔ انھوں نے کہا کہ حکومت شمالی ممبئی کو بہتر بنانے کیلئے جانفشانی سے کام کر رہی ہے۔x

## Jaishankar Kautilya Economic Conference

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس شنکر نے آج کہا ہے کہ کواڈ، ادارہ جاتی تعاون کے سبھی روایتی طریقوں کے خلاف ہے اور اِس کی وجہ سے وہ بہت ہی اختراعی انداز میں کام کر رہا ہے۔

نئی دلّی میں تیسری کوٹلیہ اقتصادی کانفرنس میں ایک گفتگو کے دوران وزیر موصوف نے اشارہ دیا کہ یہ ایک فائدے مند بات ہے کہ کواڈ کوئی، سمجھوتے پر مبنی تنظیم نہیں ہے۔ انھوں نے کہا کہ کواڈ، بھارت-بحرالکاہل خطے میں بنیادی نظام میں سے ایک ہے۔ وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا کہ یہ بات اہم ہے کہ بھارت سبھی بڑے فریقوں سے رابطہ رکھے ہوئے ہے اور وہ ایک ایسے ملک کے طور پر دیکھا جاتا ہے جس میں عالمی آبادی کے تئیں کافی زیادہ احساس ذمے داری موجود ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ آج کے دور میں جو ملک تبدیلی لاسکتے ہیں انہیں اِس کی کوشش کرنی چاہئے۔دنیا کو فی الحال جو مسائل درپیش ہیں، اُن کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ ایسا لگتا ہے کہ عالمگیریت کی سطح ایک ایسے مقام پر پہنچ گئی ہے جہاں کسی خطے میں کسی سنجیدہ معاملے پر قابو پانا مشکل ہے۔

اقوام متحدہ کے معاملے پر بات کرتے ہوئے ڈاکٹرجے شنکر نے کہا کہ یہ ایک قدیم کمپنی جیسی ہوگئی ہے جو مارکیٹ کے تقاضے تو پورے نہیں کر رہی لیکن اُس نے محض جگہ گھیر رکھی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اقوام متحدہ برقرار رہے گی لیکن اِس کے بغیر بھی کام کاج جاری ہے جس میں لگاتار اضافہ ہو رہا ہے۔

کوٹلیہ اقتصادی کانفرنس میں تقریباً 150 قومی اور بین الاقوامی ماہرین تعلیم نیز پالیسی ساز شخصیتیں یکجا ہوئیں، جس کا مقصد بھارتی معیشت اور عالم جنوب کی معیشتوں کو درپیش کچھ اہم ترین مسائل پر بات چیت کرنا تھا۔x

## Israel Lebanon

اسرائیل- لبنان سرحد پر کشیدگی انتہائی سنگین صورتحال اختیار کر گئی ہے کیونکہ اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان لڑائی میں شدت آگئی ہے۔ جاری فوجی کارروائیوں کی وجہ سے بڑی تعداد میں لوگ وہاں سے جانے پر مجبور ہوگئے ہیں اور ہلاکتوں کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جس سے لوگوں پر اِس کے اثرات کے تئیں بین الاقوامی تشویش میں بھی اضافہ ہوگیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

VC- Vinod Kumar

اسرائیل کی دفاعی فورسز IDF نے حزب اللہ کے خلاف اپنی فوجی کارروائیاں تیز کردی ہیں۔ اتوار کو IDF

نے اِس خطے میں مزید 25 قصبوں اور گاؤوں سے لوگوں کو چلے جانے کو کہا۔ بڑے پیمانے پر لوگوں کے اپنے گھر بار چھوڑ دینے کی وجہ سے لاکھوں لوگ پڑوسی ملک شام میں پناہ لینے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ اسرائیل کی دفاعی فورسز کے ترجمان کے مطابق IDF کی 36 ویں اور 98 ویں ڈویژن، زمینی حملے کرکے حزب اللہ کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کر رہے ہیں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران اسرائیلی فوجیوں نے راکٹ داغے جانے والے مقامات، سرنگوں، فوجی عمارتوں اور لڑائی کے ساز و سامان کا پتہ لگایا اور انہیں تباہ کر دیا۔ زمینی فوج کی مدد کیلئے اسرائیلی فضائیہ نے حزب اللہ کے ٹھکانوں پر 150 سے زیادہ فضائی حملے کیے۔ اِن حملوں میں ٹینک شکن میزائل داغے جانے کے مقامات، کمانڈ ہیڈکوارٹرس اور زیر زمین تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لئے میں فرقان خان

## Protest Israel Gaza War

ہزاروں لوگوں نے دنیا بھر کے بڑے شہروں میں سنیچر کو احتجاج کیا اور غزہ اور مشرقی ایشیا میں تشدد ختم کرنے پر زور دیا۔ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے کے بعد لڑائی تیز ہوگئی ہے۔ اس حملے میں ایک ہزار 200 اسرائیلی شہری ہلاک ہوئے تھے اور بہت سے افراد کو یرغمال بنا لیا گیا تھا۔ غزہ میں اسرائیل کی جوابی فوجی کارروائیوں میں اب تک تقریباً 42 ہزار فلسطینی ہلاک ہوچکے ہیں، وہاں رہنے والے 23 لاکھ باشندوں میں سے زیادہ تر لوگ بے گھر ہوگئے ہیں اور شدید فاقہ کشی کا بحران پیدا ہوگیا ہے۔ x

## Women T20 India-Pakistan

دبئی میں جاری خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ کے گروپ A مقابلے میں بھارت نے پاکستان کو 6 وکٹ سے شکست دی۔ جیت کیلئے 106 رن کے ہدف کا پیچھا کرتے ہوئے بھارت نے اٹھارہ اوور اور پانچ گیندوں میں 4 وکٹ پر 108 رن بنائے۔بھارت کیلئے Shafali Verma نے 35 گیندوں میں 32 رن جبکہ Jemimah Rodrigues نے 28 گیندوں میں 23 رن بنائے۔ کپتان ہرمن پریت کور 24 گیندوں میں 29 رن بناکر ہر ریٹائر ہرٹ ہوگئیں۔اس سے قبل ٹاس جیتنے کے بعد پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پاکستان نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 105 رن بنائے تھے۔x

## India Bangladesh 1sth T20

مردوں کے کرکٹ میں بھارت اور بنگلہ دیش کے درمیان گوالیار میں جاری تین میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بنگلہ دیش نے بھارت کی جیت کیلئے 128 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے بھارت نے ٹاس جیتا اور بنگلہ دیش سے پہلے بلے بازی کرنے کو کہا۔ بنگلہ دیش نے 19 اوورس اور پانچ گیندوں میں 127 رن بنائے اور اس کے سبھی کھلاڑی آؤٹ ہوگئے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆